سوال

(939) کیا مسافر مقیم امام کے ساتھ دو رکعت ادا کر کے سلام پھیر سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

مسافر اگر مقیم امام کے پیچھے آخری دو رکعت پڑھتا ہے تو آیا وہ امام کے ساتھ سلام پھیر سکتا ہے ؟ کیونکہ اس پر دو رکعت نماز ہی فرض تھی جو اُس نے پڑھ لی ہے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مقامی امام کی اقتداء میں مسافر کو پوری نماز پڑھنی چاہیے، کیونکہ اس کی بناء امام کی تکبیرِ تحریمہ پر ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ راجح مسلک کے مطابق قصر واجب نہیں۔ بلکہ صرف افضل ہے۔ اس کا بھی تقاضا ہے کہ مقیم امام کی اقتداء میں پوری نماز پڑھی جائے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 777

محدث فتویٰ